A GLOBAL TOBACCO INDUSTRY WATCHDOG

# لوگوں کو سگریٹ نوشی جاری رکھنے کے لئےسگریٹ کارپوریشن کی قیمتوں میں ہیر پھیر

*(نیویارک، امریکا اور بعث ، برطانیہ، 20 فروری 2023)- – تمباکو مصنوعات اور انڈسٹری کی حرکات پر طائرانہ نظر رکھنے والا ادارہ STOP کی ایک نئی رپورٹ کے مطابق*

**(تمباکو کمپنیاں تمباکو ٹیکس کے,مثبت اثرات میں کمی لانے کے لیے قیمتوں کے تعین کی مختلف حکمت عملیوں کا استعمال کر رہی ہیں۔** . https://exposetobacco.org/, رپورٹ وہ قیمت جو ہم ادا کرتے ہیں: The Price We Pay: انڈسٹری کی قیمتوں کے تعین کی چھ حکمت عملیاں جو زندگی محفوظ رکھنے والے تمباکو محصولات کو کمزور کرتی ہیں, گلوبل ساؤتھ میں انڈسٹری کی حکمت عملیوں پر یہ اپنی نوعیت کی پہلی تحقیق ہے اور اس کا موازنہ امیر ملکوں میں دیکھے جانے والی حکمت عملیوں سے کرتی ہے. ان میں بنگلا دیش، میکسیکو، پاکستان، ترکی اور برطانیہ سمیت تقریباً 30 ممالک سے مثالیں دی گئی ہیں، جن ممالک نے حال ہی میں تمباکو پر ٹیکس میں اضافہ کیا ہے۔

رپورٹ میں تفصیلی حکمت عملیاں شامل ہیں:

- **"ڈیفرنشیل"شفٹنگ":** اوور شفٹنگ سے سگریٹ کے پیکٹ کی قیمت، اضافہ کردہ ٹیکس سےزائدبڑھا دی جاتی ہے، اُن صارفین کےلئےجواس اضافے کو برداشت کرسکیں، جس سے تمباکو کمپنیوں کو مزید منافع حاصل ہوتا ہے۔ جبکہ انڈر شفٹنگ کی مدد سے تمباکو کمپنیاں ٹیکس میں اضافےکا کچھبوجھ صارفین کے کندھوں پر ڈالنے کے بجائے خود برداشت کر لیتی ہیں۔ دستیاب تحقیق کے مطابق تمباکو کمپنیوں کی جانب سے سب سے زیادہ پسند کی جانے والی حکمت عملی ڈیفرنشیل شفٹنگ ہے، جہاں امیر ممالک میں اوور شفٹنگ اور ترقی پذیر ممالک میں انڈر شفٹنگ کی حکمت عملی زیادہ تراپنائی جاتی ہے۔ تمباکو کمپنیاں پریمیم اور بجٹ مصنوعات کے درمیان قیمتوں کے فرق میں اضافہ کرتے ہوئے ایک ہی ملک میں دونوں حکمت عملیوں پر بھی عمل کر سکتی ہیں۔
- • **قیمتو کو کم رکھنے کے لیے نئے برانڈز**, قسمیں، سیگمنٹس یا مصنوعات، جیسے سستے برانڈز متعارف کرانا
- • **قیمتوں کا امتیاز اور کا استعمال کرنا** جیسے ایک ہی پروڈکٹ کو مختلف قیمتوں پر مختلف گاہکوں کو فروخت کرنا
- • **قیمت کی ہمواری** – ٹیکس میں اضافے کے بعد تمباکو کمپنیاں وقت کے ساتھ قیمتوں میں بتدریج اضافہ کرتی ہیں لہٰذا صارفین کے لئے قیمتوں میں اضافہ اتنا قابل توجہ نہیں رہتا اور اس وجہ سے انکا سگریٹ نوشی کم کرنے یا ترک کرنے کا فیصلہ کرنے کا امکان کم ہوجاتا ہے۔
- **مصنوعات کی تعداد یاحجم میں تخفیف شرنک فلیشن اپنانا** –- تمباکو کمپنیاں صارفین سے زیادہ قیمت وصول کرنے کی بجایے سگریٹ کے پیک میں سگریٹ کی تعداد یا فی پیک کھلے تمباکو کی مقدار کو کم کر دیتی ہیں تاکہ قیمت میں اضافہ قابل توجہ نہ رہے،
- مصنوعات **کی خصوصیات یا پیداواری عمل میں تبدیلی کرنا** – ایسی مصنوعات کو متعارف کروانا جن پر کم شرح پر ٹیکس لگایا جاتا ہے جیساکہ سگریٹ کے مماثل سگریلو متعارف کرنا۔

تمباکو پر عائد کیے جانے والے ٹیکسز تمباکو کے استعمال میں کمی لانے کے لیے اہم ہوتے ہیں لیکن یہ صرف اس صورت میں کارگر ہوتی ہیں جب صارفین اس کا اثر قیمتوں میں اضافے کی صورت میں محسوس کریں۔ تمباکو کمپنیاں قیمتوں کو کم رکھنے اور مارکیٹ شیئر برقرار رکھنے کے لیے ٹیکس میں اضافے کو خود برداشت کرتے ہوئے اس حکمت عملی کو ناکام کر دیتی ہیں۔ ایک تخمینہ کے مطابق دنیا کے 80 فیصد تمباکو نوشی کرنے والے گلوبل ساؤتھ میں ایسے ممالک میں قیام پذیر ہیں، جہاں سب سے مہنگے اور سستے سگریٹ کے درمیان فرق عام طور پر امیر ممالک کے مقابلے زیادہ ہے۔ اوسطاً، افریقہ میں سگریٹ کی قیمتیں – ایک ایسا براعظم جس میں کم سطح تمباکو کے استعمال کی صنعت اب ترقی کا ہدف بنا رہی ہے-دنیا میں سب سے سستی ہیں۔

"سگریٹ کارپوریشنز اہم قیمت سازی طاقت اور منافع سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ یہ رپورٹ اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ وہ لوگوں کو نشہ آور اور مہلک مصنوعات استعمال کرتے رہنے کے لیے قیمت سازی کے ذریعے کس طرح قیمت کو ہتھیار بنا تی ہیں،" رپورٹ کے شریک مصنف، یونیورسٹی آف بعث سکول آف منیجمنٹ میں بزنس اکانامکس کے ایسوسی ایٹ پروفیسر اور تمباکو کنٹرول ریسرچ گروپ کا حصہ رہے ڈاکٹر راب برینسٹن کہتے ہیں۔ "اس کا بنیادی ماحاصل یہ ہے کہ انڈسٹری ٹیکس کے نظام میں کسی بھی پیچیدگی کا فائدہ اٹھاتی ہے، لہٰذا تمباکو پر زیادہ ٹیکسز اور قیمتیں نافذ کرنے سے صحت کا سب سے بڑا فائدہ حاصل ہونے کا امکان ہوتا ہے، خصوصاً جب ان کا اطلاق تمباکو کی مختلف مصنوعات کے زمروں میں مستقل طور پر کیا جائے اور مارکیٹ سے کھلی سگریٹ یا سنگل سٹک کو حذف کر دیا جائے۔"

A GLOBAL TOBACCO INDUSTRY WATCHDOG

بنگلا دیش، انڈونیشیا، اور کولمبیا، سمیت کئی افریقی ممالک جیسے بوتسوانا، زامبیا، موزمبیق اور ایتھوپیا ، جن کا اس رپورٹ میں ذکر کیا گیا ہے، میں کھلی سگریٹ سٹک کی دستیابی مارکیٹ کو پیچیدہ بناتی ہے۔ سنگل سٹک انڈسٹری کو قیمتوں کے تعین کے حربوں کی ثانوی ہیئت متعین کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے، جو سگریٹ کے پیک سے مختلف یا یکساں ہوسکتی ہیں ۔ ۔ زیادہ تر سنگل سٹک پر ٹیکس میں اضافہ ممکنہ طور پر صارفین کو سستی سگریٹ دستیاب کرنے اور ان کی سگریٹ نوشی کی عادت کو برقرار رکھنے کے لیے انڈرشفٹ کیا جاتا ہے ۔ البتہ اوور شفٹنگ کی نشاندہی کولمبیا میں کی گئی ہے جو کہ پیکٹ کی قیمتوں میں افزودگی کے بعد سگریٹ نوشی ترک کرنے کے بجائے سنگل اسٹک پر سوئچ کرنے والے صارفین کی بڑھتی ہوئی مانگ سے مربوط ہے۔ تاریخی شواہد اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ تمباکو انڈسٹری اپنی قیمتوں کے تعین کردہ حربوں کو مبہم رکھنے کے لیے اس طرح کے غیر رسمی چینلز کا استعمال کرتی ہے اور یہ یقینی بناتی ہے کہ ان کی مصنوعات نوجوانوں اور لاگت سے آگاہ صارفین کے لیے سستی ہوں۔

**حکومتیں انڈسٹری کی ہیرا پھیری روک سکتی ہیں**

رپورٹ میں تجویز کی گئی ہے کہ حکومتیں کس تربان تمباکو کمپنیوں کی قیمت سازی کو ہتھیار بننے اور تمباککو نوشی بڑھانے سے روکنے کے لیے درج ذیل اقدامات اٹھا سکتی ہیں۔ بشمول:

- خصوصی رعایات یا پرموشنل ڈسکاؤنٹس پر پابندی عائد کرنا؛
- قیمتوں کو ہموار کرنے سے نمٹنے کے لیے انڈسٹری کی قیمتوں کو تبدیل کرنے کی تعداد کو محدود رکھنا ؛
- شرنک فلیشن روکنے کے لیے تمباکو یا سگریٹ کے پیکٹ کے سائز کی وضاحت کرنا؛
- مماثل مصنوعات کے درمیان ٹیکس شرح کو مساوی بنانا اور ان برانڈز کی تعداد محدود کرنا جنھیں تمباکو کمپنیاں ڈاؤن ٹریڈنگ (جب صارفین قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے مہنگے برانڈز خریدنے کی بجاے سستے برانڈز خریدنا شروح کر دیں) کے لئے متعارف کروا سکتی ہیں تاکہ صارفین کو سستے برانڈز کی طرف جانے سے روکا جا سکے۔
- ٹیکس میں بڑا اضافہ کرنا تاکہ بڑھی ہویی قیمت کا حکومت کو فائدہ ملے نہ کے انڈسٹری کو؛
- سنگل سگریٹ کا فروخت ختم کرنا، جو نوجوانوں اور دیگر لاگت سماجی حیثیت جماعتوں کے لیے تمباکو کو قابل رسائی بناتے ہیں۔
- صنعت کے اثر و رسوخ کو دور کرنے کے لیے تمباکو قیمتوں کو براہ راست مقرر کرنے پر غور کرنا۔

یونیورسٹی آف باتھ میں ٹوبیکو کنٹرول رسرچ گروپ کی شریک مصنف ڈاکٹر زینب دانش شیخ کہتی ہیں: "ہر ایک سگریٹ کمپنی کا مقصد اپنے مارکیٹ شیئر کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی آمدنی میں اضافے کے درمیان توازن پیدا کرنا ہے۔ اور انکے لئے سب سے اہم بات یہ ہے کہ - وہ نوجوانوں کو لبھائے رکھیں تاکہ کمپنیاں منافع کماتی رہیں۔ صحت عامہ پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بہت کم غور کیا جاتا ہے اور حکومتوں کو چاہیے کہ وہ انڈسٹری کی حرکات پر نظر رکھتے ہوئے انکے مفادات میں کمی لائے ۔"

نئی رپورٹ یہاں دستیاب ہے .https://exposetobacco.org/resource/tobacco-taxes/

براہ کرم مزید معلومات یا.STOP کے ترجمان سے بات چیت کرنے کے لیے رابطہ کریں پریس آفیشل.

**STOP (سٹاپنگ ٹوبیکو آرگنائزیشنز اینڈ پروڈکٹس) کے بارے میں**

STOP تمباکو انڈسٹری کا ایک عالمی نگران ادارہ ہے جس کا مشن تمباکو صنعت کے ان حربوں اور ہتھکنڈوں کو بے نقاب کرنا ہے جو صحت عامہ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ تعلیمی اور صحت عامہ کی تنظیموں کے نیٹ ورک پر مشتمل STOP تمباکو صنعت کی تحقیق اور نگرانی کرتا ہے، اس کے حربوں کا مقابلہ کرنے کے لیے دانشوری کا اشتراک کرتا ہے، اور عالمی سامعین کے سامنے اس کی بدکرداری آشکار کرتا ہے۔ STOP کو مالی اعانت بلومبرگ فلنتھروپیز اس کے استعمال میں کمی لانے کے لیے بلومبرگ پہل کے طور پر کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں .exposetobacco.org